ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

حسب فرمایش جناب حاجی محمد سعید صاحب تاجر کتب کلکتہ خلاصی ٹولہ نمبر (۸۵)

گلدستہ معرفت

معروف بہ

دیوان ضامن

باہتمام احقر العبید حاجی رحمت رب رشید محمد عبد المجید غفر لہ اللہ الحمید

در مطبع مجیدی واقع کانپور مطبوع

دیوان رحمان

اُحِبُّ شَوقاً لِسیرٍ اِذ رأَیت قیسا لیسیر فیہا
وساء حالی علی فراق فان جد ناک نعم حالے
اذا القینا حبیب قلبی فقعت وجداً بلمس قدم
فدیت نفسی علیک حبّاً اطوف حولک کمثل کعبہ

زنہار عشقش چہ ل بسوزم چو وصلِ جانان مرا تمنا
باضطرابی ل جو خوانم بلفظ ارنی ندای موسےٰ
کہ چند غافل ز حال مسکین لعشق آنکس بگو خدارا
ز جانِ و ل مبتلا ے نم محبت من لسو بنیں اوّ لی

فان تمنّی بوصلِ صنا من فانت واللہ اہلِ ذالک
چو قتل سازی من گدارا کجاست ملجا و حبیب ما وی

حبیب دارم بسیر صحرا و ہو مجنون لشوق لیلی
ہلاک گشتیم در فراقت اگر نہ بینم حیات یابم
اگر بہ بینم من آن حبیبی بپائے بوسی بیفتم از سر
چرا نسازم فدائے جانی اگر دیارِ یکہ اوست قبلہ

و قدت قلبی بنارِ عشق فمنہ ارجو وصال صنما
فحین ادعو باضطرابے ب ارنی ندائے موسیٰ
اقول عجزاً برفق قول یا بنّی شئی تحب تہوی
فان عشقی علیک لنشأ ان حبی الیک اوّ لی

اگر تو خواہی بوصلِ صنا من قسم خدارا کہ ممکن از تو
فان تفرج بقتل نفسی فاین ملجا و کیف ما و ے

اُحِبُّ شوقاً لسیرٍ اذ رأیت قیسا لیسیر فیہا
وساء حالی علی فراقٍ فان جد ناک نعم حالے
اذا القینا حبیب قلبی فقعت وجداً بلمس قدم

جلا کر دلکو لگا کر آتش صنم کو ملنے کی ہے تمنا
ہمیں ارنی پکارتا ہوں بیقراری نے مجکو مارا
لگا ہے کس سے تجھے تعشق جو ایسا ویسے مجھے بھلایا

دیوان ضامن

اگر بہ بینم من آن جبیبی قعت وجہا بلبس قدم
چرا انساز م فدا جان خود و طوا حولک کمثل کعبہ

گرچہ غافل زحال مسکین یا تی فئی تحب تھوی
زجان و دل مبتلا ہم فان حبی الیک اولی

اگر تو خواہی بوصل ضامن فانت واللہ اہل ذالک
چہ قتل سازی من گدا را فاین ملجا و کیف ماوے

احسب شوقاً بسیر وادی کہ تھا مجنون جہان اکیلا
وسار حالی علی فراق جو وصل ہووے تو جی اٹھو نہیں
اذا القینا حبیب قلبی اسے جو چھونیں پانوں پر گر کر
فدیت نفسی علیک حبا وہی ہے کعبہ وہی ہے قبلہ

وقد تمنا قلبی بنار شوق صنم کو ملنے کی ہے تمنا
فحین ادعو باضطراب بیقرار ہی نے مجکو مارا
اقول عجزاً برق قول حبیب ایسا وسی مجھے بھلایا
فان عشقی علیک انت مجھے تعشق ہے اس صنم کا

فان تمنی بوصل ضامن تو مین بھی حاضر ہون میری جانان
وان تفرج بقتل نفسی تو کہیے میرا کہان ٹھکانا

مین شیشہ گردان عشق ولیس ابتغی سوا سیر فیہا
فراق جانا نمین مر چکا ہون فان حبذا نعم حالی
جو مجھسے ملجاے دہ شمگر وقعت وجہا ملبس قدم
فدا ہون سو بار کیونکہ ہر دم اطو حوالک کمثل کعبہ

جلا کے دلکو لگا کے آتش فمنہ ارجو وصال صنما
مین اب پکارتا ہون ہر لب پی ندا مو سی
لگا ہے کس سے تجھ کو تعشق با ی شی تحب تھوی
طواف کرتا ہون گرد اسکے وان حبی الیک اولی

جو وصل ضامن ہے تجکو چاہنا فانت واللہ اہل الک
جو قتل کرنا ہی ہے جانانا فاین ملجا و کیف ماوی

بازوی تقوی وزہد لیکے اُڑی بار ایک
شمع سے پروانہ کی جل گئے پر دیکھنا

اچھا ہوا اے شیخ تم سے یہ ہما بر ہجر
چرخ چہارم سر بیان تم بھی تیر دیکھنا

خانۂ چشم نشین یار جہانکی ہے بیٹھا ہوا
پردہ دری دیکھنا روزن در دیکھنا

کعبہ و دیر و حرم کون مکان جان من دل
اُسکے بغیر از کوئی خالی نہ گھر دیکھنا

سُنتے ہین آئینگے وہ لاشہ عاشق پہ یار
تو بھی تو ضامن کبھی دو گھڑی مر دیکھنا

ہمکو دیکھے جو کسی نے نہین بسمل دیکھا
تیغ بُران کے تلے شکر کا قابل دیکھا

عشق بازی کو ملائک نے تو مشکل دیکھا
اس گران بار کا انسان کو حامل دیکھا

موجزن عشق کے دریا مین نپٹ ڈوب گئے
بحر الفت کا کسی نے نہین ساحل دیکھا

مثل گل چاک کیا ہمنے گریبان اپنا
جب سے اُس پردہ نشین کو سر محفل دیکھا

کیا ہی لذت تری شمشیر مین ہے اے قاتل
لب ہر زخم کو تر آب کا سائل دیکھا

ہوگیا ٹکڑے جگر مثل کتان پیش قمر
لطف ہے تو نے جسے اے مہ کامل دیکھا

عیش فردوس ہے اور رہی ایمان کامل
جسنے دل بھر کے تجھے ماہ شمائل دیکھا

جسکو دیکھا اُسے مارا نظر پیار سے یار
ہمنے آنکھون مین ترے زہر ہلاہل دیکھا

سر اُٹھایا نہ کبھی سجدے سے کشتے نے ترے
زیر شمشیر عبادت مین یہ کامل دیکھا

دیوان ضامن

بجو دیتہ وہ ملا ساٹھ مشت خاک
خاکساری سے لطیف اسکو کر دیا

گریۂ طوفان رحمت سے مجھے
ایک قطرہ تھا جو دریا کر دیا

ہم سے وحدت کے فلک پر آفتاب
ہستی وہمی سے تارا کر دیا

میری چاہت نے مجھے او خود پسند
موم دل تھا سنگ خارا کر دیا

تیری بے مہری سے ضامن رہا
راز پنہان آشکارا کر دیا

وہ تیری پاس ہی تو ڈھونڈھے ہی تو کہان	اپنی خودی مین آپ تو اسکو چھپا رہا
معنیِ ثمّ وجہ کو فہمید چاہیے	ہر طرف جلوہ گر ہی وہ جلوہ دکھا رہا
وہ جان میری جان مین ایسا ہوا محیط	دلمین ہمارے کوئی نہ اُسکے سوا رہا

ضامن تو راز انفسکم عین جان سے دیکھ
تار نفس کو آپ وہ تجھہ مین ہلا رہا

اے پری تو نے مجھے کیا کر دیا	بے خبر مجنون و شیدا کر دیا
مست و بیکل ناتوان بیجان و دل	عشق نے ہمکو یہ کیا کیا کر دیا
قیس سے آخر انا لیلےٰ کہا	عشق نے ادنی سے اعلی کر دیا
دیکھ لو حالت مری ای دوستو	اُلفتِ جانان نے ایسا کر دیا
اُسکے کوچے مین نچھوڑا ای صبا	خاک کا میری بگولا کر دیا
وادیِ وحشت مین مجنون کیطرح	شورِ محشر ہم نے پیدا کر دیا
او ستمگر تیری فرقت نے مجھے	ہر گلی کوچے مین رسوا کر دیا
ای مرے یوسف زلیخائی دکھا	مفت ہمنے اپنا سودا کر دیا
گلبدن زخمون سے میرا تن بدن	تو نے قاتل گل ہزارا کر دیا
کوچۂ جانان کو اپنے خون سے	لالہ سان گلزار سارا کر دیا

یقین ہے کہ جدھر کو وہ دلربا پھر جا
مثال قبلہ نما قبلۂ خدا پھر جا

نسیم گلشن گل رعنائی بگولا ہے تو
اُسی چمن کی طرف کو تو ای صبا پھر جا

دیوان ضامن

[illegible]

آتشِ شوق نے دیا ہی پھونک
اپنی صورت کا آپ ہی عاشق
ہو کے ظاہر ظہور مین وہ چھپا
جو گیا کوے یار مین نہ بچا
جب خودی گم گئی میان گئی
موج دریا کیطرح اسکو کہین

جان و دل اور جگر جلا دیکھا
آپ پر آپ مبتلا دیکھا
ہمنے اسکا یہ حوصلہ دیکھا
کوچۂ یار پر بلا دیکھا
بخدا آپ کو خدا دیکھا
بحرِ وحدت کا آشنا دیکھا

اسکو دیکھا نہ تونے جب ضامن
اور دیکھا تو تونے کیا دیکھا

اس بیوفا سے دلکو لگایا تو کیا ہوا
بن وصل یار کے جو فنا ہو گئے تو کیا
غنچہ ہمارے دل کا کھلایا نہ ای صبا
کیا کیا غمِ فراق مین روتا ہون اتدن
ہم دلکی آئینے مین کبھین دیکھتے ہین یار
جسدم کہ دم عدم کو نکل کر چلا گیا
دو طرح ہی ہی جیسے کہ دو لھا کا پیار ہو

بے غرض ہمنے ناز اٹھایا تو کیا ہوا
نام و نشان اپنا مٹایا تو کیا ہوا
گلشن مین تونے گل جو کھلایا تو کیا ہوا
ظاہر مین تمنے ہمکو ہنسایا تو کیا ہوا
گو تمنے ہم سے منھ کو چھپایا تو کیا ہوا
وہ دم جو بڑے گھر مین یار جو آیا تو کیا ہوا
گر ہو پری بناؤ بنایا تو کیا ہوا

دیوان ضامن

نہ ہم یہاں سے جاتے نہ تم رنج کھاتے
جو ضامن کو گھر پر بلایا تو دیکھا

جان دی دل بھی دیا دیدیا ایمان اپنا
پر عزیز وہ نہوا ہائے وہ جانان اپنا

خاک ہی منھ پہ ملی چاک ہی داماں اپنا
ہمنے کیا کیا نہ کیا عشق میں سامان اپنا

چشمۂ خون ہی رواں دیدۂ گریان اپنا
ملگیا خاک میں جل کر دل سوزان اپنا

مصحف روے محمد کی تلاوت کیجے
یہ صحیفہ ہی مرا ہے یہی قرآن اپنا

ہمکو تنہائی میں تنہا گیا وہ چھوڑ کے آج
گیا پہلو سے نکلکر دل نالان اپنا

چارہ سازی نہ چلی ہائے طبیبونکی کبھی
دمبدم زیادہ ہوا وحشت و خفقان اپنا

غم لیا درد لیا گریہ لیا نالہ لیا
لے لیا ہمنے صنم جو کہ ہی شایان اپنا

سینہ و دل میں پر از داغ برنگ لالہ
سیر کرنے کو یہ کافی ہے گلستان اپنا

یہ شب تار ہی اور ہمکو ہی تارونکی شمار
ہی کہاں جلوہ نما وہ مہ تابان اپنا

چاہ میں اسکے زلیخا کی صفت ہے آبرو
ڈھونڈھتا ہوں کہ ملی یوسف کنعان اپنا

چشم گریان ہی جگر سوزان ہوا اور دل ہی کباب
عشق میں اسکے ہی یہ حال پریشان اپنا

ہی یہ مسجود ملائک سے یہ عالی درجات
رتبۂ قرب کہاں جانے ہی انسان اپنا

باغ جنت کی طلب ہے نہ حورونکی ہوس
کوچۂ یار ہوا روضۂ رضوان اپنا

دیوان ضامن

اے کمان ابرو نگاہِ تیر سے دل چھن گیا | زلف کا چلّا جو دیکھا جی میں جلانے لگا
تو بہارِ سبزۂ حسن پر پروسے خدا | ہوتے ہی فرقت کے دیکھو میں تو سم کھانے لگا
مجھ میں اور غم میں ہمیشہ ربط و ضبط ایسا رہا | یا تو غم کھاتا تھا میں یا مجھکو غم کھانے لگا
شرم میں شر ہی شرارت ہی اٹھا دی اے حجاب | پھر جب جاتا رہا تو جب بھی شرمانے لگا

برق کے مانند آ چمکا جو عشقِ نازنین
خرمنِ ہستی ترا ضامن جو جل جانے لگا

دلِ شہید کو تیغِ جفا نے مار لیا | کسی کے غمزۂ و ناز و ادا نے مار لیا
نہ چارہ سازی چلی عشق میں طبیبوں کی | مریضِ عشق کو کامل دوا نے مار لیا
مسیح دم کبھی مرتا نہ میں قضا سے بھی | تمھاری چشمِ سیہ سرمہ سا نے مار لیا
ادل ہی ساتھ تھی اس شاہِ نازنین کی ہم | صدائے نغمۂ قاتل کو ابلے نے مار لیا
یہ ناز و غمزہ کرشمہ نہیں کسی بت میں | جہان کو آپ کی ترچھی ادا نے مار لیا
کسی ہی کیا ہو تمنا کسی سے کیا ہو امید | دغا سے دل کے ہمیں آشنا نے مار لیا
تمھاری پان کی سرخی نے کر دیا ہے شہید | ہمیں تو سرخیِ رنگِ حنا نے مار لیا
جمالِ حسن کا پردہ کبھی نہیں اٹھا | ہمیں تو آپ کی شرم و حیا نے مار لیا
تمھاری خفگی ہے وجہ ہی لب پہ ہے جان | بلائے غصہ و جور و جفا نے مار لیا

تیری آنکھوں نین وہ اثر دیکھا	مار ڈالا وہین جدھر دیکھا
یار تمنے ادھر اُدھر دیکھا	پیر بد تمنے کبھی ادھر دیکھا
وصل کے دن قیب ایسا جلا	اُسکو فی النار کو السقر دیکھا
رحم اُسکو کبھی نہ آیا ہاے	ہمنے قدمونپہ سر بھی دھر دیکھا
دارِ فانی مین ایسا دیکھا اُسے	جسطرح خواب مین قمر دیکھا
چارہ سازی نہ کی مسیحا دم	تم پہ تنو تنو طرح سے مر دیکھا
واہ وا بارگاہ حضرتِ عشق	تیرے کوچے مین شور و شر دیکھا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

خامہ مے گوید باو از صریر ؞ مے کنم مرغان معنی را صفیر

گلدستہ معرفت نثار بر ذاتیکہ اسمش نضارت بخش گلزار معنیست و گلشن عرفان تصدق بر نامی کہ ذاتش لا ثانی وحدہٗ لا شریک شان اوست آنا اللہ واحدٌ فرمان اوست رموز عارفان معرفت کیش نکتہ ایست از سراج دیوان عرفانش و نکات مضامین خوش آئین شاعران و دقائق اندیش رمزیست از قانون صدر دیوانش دواوین چیست مضامین بیش ادراک کنہ ذات او پارہ پارہ لبسی آوارہ و مثنویات رنگین نکات بمقابلہ دریافت صفات او ناکارہ

قدوسی ستوده سُبحانَ الَّذِی اَسریٰ بِعَبدِہٖ لَیلًا در ذکر معراج حبیب خود از لسان خود فرموده حبیبی کہ حُسنِ محبوبان جہان حبہ از خرمنِ حُسنِ مستحسنش نمیدوختہ پر جبرئیل از پرتوش سوختہ لبیبیکہ لُبِّ لباب جملہ بنی آدم ست و علت غائی خلقت عالم رسولیکہ خالق او بخطابش وَمَا اَرسَلنٰکَ اِلَّا رَحمَۃً لِّلعٰلَمِینَ گفت دمقبولیکہ بزبان خود گوہر کُنتُ نَبِیًّا وَّ اٰدَمُ بَینَ المَآءِ وَالطِّینِ بسلک کلام در سفت دُرِّ یتیم نبی کریم احمدِ بے میم رؤف رحیم احمد مجتبےٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ و علےٰ آلہ و اہل بیتہ و اصحابہ اجمعین بعدد کل معلوماتہ الیٰ یوم الدین

غزل

فرمود خدا بوصف آن پاک	لَولَاکَ لَمَا خَلَقتُ الاَفلَاکَ
عرفانِ خدا با و ہویدا	فرمود اگرچہ مَا عَرَفنَاکَ
اے ابرِ کرم بعشق خود کن	چشم گریان و سینہ ام چاک
ہجرِ تو سمومِ جانِ فگارست	وصلِ تو براے ماست تریاک
صوفی بغمِ تو سُست دل شد	فرمانش بعشقِ خویش چالاک

اما بعد فقیر حقیر پر تقصیر عبد عاصی بندهٔ ذوالمنن محمد ابوالحسن بن محمد قاسم علی

دیوان احسان

دریا ... شریعت و ... صحرا ... طریقت واقف رموز ... حقیقت کاشف ... مسند نشین وسادهٔ اولیا جاگزین جادهٔ اصفیا عالم العلیاء و ورثۃ الانبیاء عامل سنت خیر الوریٰ سیدی و سندی و وسیلۃ یومی و غدی محرم اسرار خفی و جلی مولانا و ... شاہ سید ضامن علی صاحب بالفضل ... علی القلوب ... ۱۹ ... المحققین مد ظلہ علی رؤس الطالبین ... الوقت وحید الزمان ... منبع الجود والاحسان کہ گاہ گاہ از زبان ... بفیض ترجمان در آتش فراق حضرت ... علی کیفیۃ الحال ... وگاہ

قصیدہ مؤلفہ از طرف
مؤلف بجناب حضرت
مصنف مدظلہ العالی ۱؎
دُرِّ الصباح و اللیالی

وگاہ ناگاہ از خاطر دریا مقاطر بہر ہدایت سالکان این مسلک خدا اوانی علی
حیثیۃ المقال صادر می گشتند بسعی تمام کمر ہمت بستہ باجماع آن می کوشم
و پارہائے دل و لخت جگر را بخریداران میفروشم

مثنوی

این متاعیست سرّ نہانی	کاشف رازہائے ربانی
استعارات ظاہری مپسند	اے برادر اگر تو میخوانی
بنگر از دیدۂ حقیقت بین	معنیش را رموز سبحانی
بد مپندار بد مگو کس را	گر تو اسرار حق نمیدانی
طرفہ دیوان پر از معانی عشق	می نویسیم کہ ہست لاثانی

قطعۂ تاریخ تالیف این دیوان لطیف از فقیر عبد الغفور گنگوہی
الجلال آبادی عفا اللہ عنہ صابری المتخلص بصوفی وفتادی

دیوان انتخاب بمقامات معرفت	ترتیب یافتہ ز کرامات معرفت
صوفی سروش غیب بتاریخ سال او	گفت از زبان خویش کمالات معرفت

۱۲۸۲ھ

[illegible]

دیوان ضیا [illegible]

[illegible]

دیوان گلدستۂ معرفت

معروف بہ دیوان ضامن

تمھاری ذات ہی پر کرم ای مہر بخشایش — اگر گرد و کرم اکدم میں دریا دستِ سائل ہو
نگاہِ فیض گر ڈالو کسی پر چشمِ عرفان سے — اگر ہو جاہل و اجہل وہ کامل ہو مکمل ہو
تمھارا سلسلہ اک قربتِ حق کا وسیلہ ہے — جو ہو اس میں مسلسل حبّ حق اسمیں نہ زائل ہو
حصولِ مدعا حاصل وصالِ حق تمھیں حاصل — جو کوئی تمسے ہو واصل وہ بیشک حق مین واصل ہو
جو کوئی آپکا عارف وہ بیشک عارفِ حق ہے — اگر ہو آپ سے غافل وہ غافل حق سے غافل ہو
عطا حق نے کیا تمکو وہ فیضِ صابری حضرت — پڑی جسپر نگاہِ مہر کیا کیا اسکو حاصل ہو
کرو تم دستگیری جسکی جو بیعت کرے تم سے — جو صافی ہو تو صوفی ہو جو عالم ہو تو عامل ہو
ولی ہو غوث ہو مخدوم ہو صاحبِ ولایت ہو — کھلے ضرب و قرائض دم میں طے قربِ نوافل ہو
رہو تم پر ہمیشہ خواجگانِ چشت کا سایہ — طفیل انکے ہمارے سر پہ دائم آپکا ظل ہو
وہ خاصانِ خدا ہیں شمعِ ذاتِ اقدس ہیں — کہ نام انکا ہمیں ورد زبان عقدِ انامل ہو
تصدق خاندانِ پاک کا اے حضرتِ ضامن — بر آئے مدعا دل کہ تم سے تکفل ہو

مطلع ثانی

قتل کر کے بھی نہوے دل قاتل ٹھنڈا

[illegible]

کہین آتش کہین برنگ باد
سب کو دیکھے نظر آوے وہ
تُسکے عاشق ہوئی ہین ہم جسکے

کہین خاک اور آب ہو دیکھا
عقل نے اُسکو جون نظر دیکھا
پانون دیکھا نہ اُسکا سر دیکھا

عشق مین اُس کے مرچکا ضامن
ہم نے دیکھا تو یہ نگر دیکھا

اے دل تو کسکی یاد مین دیوانہ بنگیا
اور شوق روے شمع مین پروانہ بنگیا

گھبرا کے جون خیال گریزان ہوا یہ دل
پہلو مین اک رفیق تھا بیگانہ بنگیا

یادِ خیال روے بتان مین وہ رشک چین
پہلو ہمارا کیا ہی پری خانہ بنگیا

وحشی خراب حال پریشان و دردمند
فرقت مین یار کی تو مین کیا کیا نہ بنگیا

پیر مغان سے ہمکو ملی ہے شراب عشق
ذرا ہ ہماری خاک کا پیمانہ بنگیا

اے مدعی رقیب تو کیا جانے لطف ہجر
جیسا کہ مین بنا ہون تو ایسا نہ بنگیا

بیت الحرم تھا کعبۂ دل خانۂ خدا
یادِ بتان ہند مین بتخانہ بنگیا

ضامن فراق یار کی تحریر کیا ضرور
عالم مین تیرے عشق کا افسانہ بنگیا

قتل کر کے تو ہوا دل ترا قاتل ٹھنڈا
پر نہوگا کبھی ہرگز ترا بسمل ٹھنڈا

دیوان ضامن

[illegible]

دیوان ضامن

آتشِ الفت میں جلتا ہوں دہیں گھٹتا نہیں
یا رب محفل میں جان دل اپنا ہی ایسا دھو
زلف مشکیں کے تصور میں پریشانی ہے
مارڈالا ہے ترے جلوے نے ہمکو شمع رو

دمبدم جوں ذرۂ اخگر تڑپنا لوٹنا
وجد صوفی سے زیادہ تر تڑپنا لوٹنا
مشکل کاکل یار کے رخ پر تڑپنا لوٹنا
مثل پروانے کے ہے شب بھر تڑپنا لوٹنا

یار ملجائے گا ضامن بیقراری کیا ضرور
برق کے مانند تو مت کر تڑپنا لوٹنا

تم مرے پاس اگر آج بھی ہوتے جاناں
رشتۂ مہر و وفا آپ کا ہوتا کنگنا
بخت بیدار تو جینا اپنا سمجھتا یا رب
بیوفائی تری معلوم اگر ہوتی ہمیں
باغ مقتل میں اگر سیر کو آئے ہو صنم
کوئی کہتا نہ ہمیں وحشی و مجنون زندا
تیرے کشتے کو کبھی زندہ نہ کرتے عیسیٰ
باغ دنیا میں ثمر مہر و وفا کا پاتے
منزل عشق میں ہر ایک قدم پر ضامن

میری رونے پہ وہیں آپ بھی ہنستے جاناں
گوہر دل جو مرا اُسمیں پروتے جاناں
سر کو زانو پہ مری رکھکے جو سوتے جاناں
تری الفت میں کبھی دل کو نہ کھوتے جانا
کشتۂ ناز کی تربت پہ بھی ہوتے جاناں
ہم جو رسوا تری چاہت میں نہ ہوتے جاناں
چارہ سازی سے مری وہ بھی ہی روتے جاناں
تخم الفت کا کسی دل میں جو بوتے جاناں
اشک سے دامن حسرت کو بھگوتے جاناں

میں ڈھونڈھتا پھرا اسکو تو وہ دہن میں بسا
وہ پاس تھا مرے اسکو میں دور جا سمجھا

ہمیشہ زندہ ہوا تیغِ یار کا کشتہ
کہ کوئی یار کو جو دشتِ کربلا سمجھا

مثال شمع کے محفل میں جلگیا ضامن
کوئی نہ رازِ مرے دل کا آشنا سمجھا

بے خطا یار نے ہمیں مارا
تو دلِ زار نے ہمیں مارا

مار ڈالا کسی کی چاہت نے
الفتِ یار نے ہمیں مارا

جائیں کیا ہم طوافِ کعبہ کو
بتِ عیار نے ہمیں مارا

مار ڈالو جو مارتے ہو جی
چشمِ خونخوار نے ہمیں مارا

بن قضا کے کبھی نہ مرتے ہم
اُس جفاکار نے ہمیں مارا

دامِ کاکل کی قید سے نہ چھٹے
زلفِ بل دار نے ہمیں مارا

حاصل اپنا نہ کچھ ہوا مطلب
عشقِ بیکار نے ہمیں مارا

اُسکی ٹھوکر سے دل ہوا پامال
کبک رفتار نے ہمیں مارا

تیرِ مژگان کمانِ ابرو سے
اُس کماندار نے ہمیں مارا

شادیِ مرگ ہم اُسے سمجھے
مہربان یار نے ہمیں مارا

مثلِ موسیٰ کے لن ترانی سن
شوقِ دیدار نے ہمیں مارا

دیوان ضامن

غیر پیتے ہین مجھے پیاسے اُبلی بھرے — ساقیا ساغر مے ہمکو پلایا نہ گیا

ای عزیزو کہو کس طور تسلی ہووے — تمسے یان تک بت کافر کو بلایا نہ گیا

ڈھونڈھتے پھرتے رہے کوہ و بیابان مین — یار تھا پاس ہی پر ہمسے تو پایا نہ گیا

بیخودی ہمپہ یہ چھائی کہ ہوئی ہوش خطا — ہم وہان ہو بچی کہ پھر ہمسے تو آیا نہ گیا

دست وحشت نے کیا چاک گریبان حیا — سوزن عقل سے پھر اُسکو سِلایا نہ گیا

وصل دلدار میسر نہ ہوا گاہ ہمین — بار ہجران بھی تو پھر ہمسے اُٹھایا نہ گیا

کیا کہون طالع بدخواہ کی ناکامی کو — ایکدن یار کو ضامن سے منایا نہ گیا

خنجر ابرو کا جب تمنے اشارا کر دیا — رازِ پنہانِ غم دل کا آشکارا کر دیا

غرق ہے طوفان گریہ مین سفینہ چشم کا — ہجر نے دریای غم کو بے کنارا کر دیا

رشک گلزار ارم ہے عندلیبو دیکھ لو — کوچہ جانان نے خون سے ہمنے سارا کر دیا

عاشقون نے نالہ سے گردون کو مارا تھا کبھی — مین عصای آہ سے اُسکا سہارا کر دیا

فکر ہے کر قتل کرنے کی مرے بے جرم تو — تیری فرقت نے ہمین تو غم کا مارا کر دیا

یار کو کرکے جدا ہمسے فلک چیرا جگر — ہمنے بھی تجھپر وہان آہونکا آرا کر دیا

ناتوان ہمین جان بلب ہین تن پہ خون دیدہ کا — دیکھ لو یہ حال اب تمنے ہمارا کر دیا

ہر حساب ہندسہ منظور تیری تیغ کو — لوح سینہ کو مرے تسکے ہی سارا کر دیا

غزل

ہو گئے پہلے فنا ہونے سے فانی ضامن
شیوۂ اہل رضا اہل فنا کا دیکھا

رخ نور جلوۂ مصطفےٰ وہ خدا کا نور جمال تھا
جو تمام خلق میں ہے عیاں یہ کمال احسنین کمال تھا

قفس حیات کو توڑ کے گیا مرغ دل جو عدم کو ہے
مری جان پر پر و بال بھی بخدا یہ سخت وبال تھا

گئی پیاس حلق کی میرے کچھ قدم تیغ ای بت ناز نین
تری آب تیغ کا اے صنم کہوں کیا کہ آب زلال تھا

نہ تو زر ہے مجھ پہ کہ دوں تجھے تو امیر ہے میں فقیر ہوں
دل و جان تھا سو تجھے دیا یہی ایک مجھ میں کمال تھا

لب بام پر وہ جو آ گیا تو وہ اپنا جلوہ دکھا گیا
وہ قمر تھا ہاے جو چھپ گیا وہ پری تھا حور خصال تھا

جو خودی کا پردہ اٹھا دیا تو وصال یار کا ڈھب بنا
وہ ہمارے سامنے آ گیا کہ شہود جس کا محال تھا

دل و جان عشق نے کھو دیا مرے پاس یار نہ کچھ رہا

دیوان ضامن

دل مرا مشتاق ہے کب سے اس بت نادان کا

حضرت شاہ ز الفت سے اٹھایا ہوگا

دیوان ضامن

قاتل نے تری ہمکو اب مار لیا اچھا
اس مار سے گون فی یہ کار کیا اچھا

فرقت میں تری کب تک بیمار جیا اچھا
آ پھر خدا اب تو اے یار ذرا اچھا

انکار ہی بوسے سے اقرار ہے ملنے کا
انکار کیا اچھا اقرار کیا اچھا

دلفون کا تری قیدی مشکل ہے کہ زندہ ہے
اب تک نہوا ہاے یہ بیمار بلا اچھا

ساقی ترا میخانہ آباد ہوا ہم سے
پھر جام مئے الفت ہر بار پلا اچھا

ہر بار کے جلنے سے ہر روز کے تپنے سے
اب شمع یہ پروانہ اک بار جلا اچھا

کیا کیا ہی پری پیکر اس باغ جہان میں ہیں
کیا گلشن عالم میں گلزار کھلا اچھا

ہر رسم یہ خوبان کی جو چاہیں سو کر بیٹھیں
ہوتا ہے نہیں انکا اے یار گلا اچھا

قاتل تو ذرا اپنے بسمل کو تڑپنے دے
کاٹا ہی جو اب تو نے خونخوار گلا اچھا

غیر و نہیں تو جاتے ہیں خوش ہو کر وہ اے ضامن
اور میرے گھر آنے سے انکار ہوا اچھا

یا علیؑ جسپہ ترے لطف کا سایا ہوگا
تخت شاہی سر بلند اسکا تو پایا ہوگا

یا محمدؐ ہے تری سامنے یوسف ذرہ
دست قدرت نے ترا حسن بنایا ہوگا

جسنے کو نین میں سمجھا ہے تمھیں پشت و پناہ
اسکو دارین کی آفت سے بچایا ہوگا

چاہ یوسف کی رہی ہوگی نہ یوسف کی طلب
جسکی آنکھوں میں ترا حسن سمایا ہوگا

وہ کون ہو ضامن مین گرفتار ہون کسکا

ڈھونڈھا اسے عالم مین نشان کسکا نہ پایا

غزل بطور سہرا

مانہ مین نورفشان ہی یہ جبین کا سہرا	بارک اللہ مبارک تہو مدن کا سہرا
رشک افزاگلِ ترلعلِ یمن کا سہرا	جلوہ گر حسن بھرا غنچہ دہن کا سہرا
مجمرِ مہر مین ڈالا ہی ستارونکا سپند	ماہ نے دیکھا جو دولہا و دلہن کا سہرا
کہکشان نے بھی کیا گوہر انجم کونثار	ہے گلِ نازنبوت کے چمن کا سہرا

ہو مبارک مرے احباب کو ہر روز خوشی
کیا ہی ضامن نے کہا ہی یہ جشن کا سہرا

تبلادو طبیبو کہ مین بیمار ہون کسکا	جو یاے شفا شربت دیدار ہون کسکا
اَرِنی کی صدا لب پہ ہی اور دیدۂ خونبار	موسیٰ کی صفت طالب دیدار ہون کسکا
آتی ہی نظر ہمکو بتون مین بھی تجلی	در پردہ عزیزو مین طلبگار ہون کسکا
مین صورت گل آنکھ مین بلبل کی سمایا	اعدا کے سوا اور کہو خار ہون کسکا
اسطرح گرا خاک پہ ہون اٹھ نہین سکتا	پامال روش نازک رفتار ہون کسکا
اے عشق شہنشاہ خداوند دو عالم	جز آپ کے مین بندہ سرکار ہون کسکا
اب دیدہ حق بین سے حقیقت ہو نمایان	دیکھو تو کہ مین مظہر اسرار ہون کسکا

مشہور ہوا عشق مین مجنون ہی نام اپنا

کس طرح ہاتھ آوے وہ مرغ لامکانی

صیاد سمجھے ... دام اپنا

رندی وہی پستی مذہب ہوا ہی اپنا

یہ ذکر بجا ہی خاصون مین عام اپنا

دیوان ضامن

ردیف الباء

دیوان ضامن

ساقی تری دور میں وہ دلدار نہ دیکھا | اور بادۂ گلگون کا خریدار نہ دیکھا
عالم میں کوئی ہمنے تو بیکار نہ دیکھا | ہر کار میں پر یار سا بے کار نہ دیکھا

شاید نہ رہی مے ترے خمخانے میں ساقی | بد مست مے عشق کا سرشار نہ دیکھا
ہم دیکھتے ہیں عیش مہیّا ہے ولیکن | بر باد ہے سب عیش اگر یار نہ دیکھا

جون شمع ہے وہ پردۂ فانوس میں روشن | بے پردہ کبھی یار کا دیدار نہ دیکھا
گر عمر ترے بام کے نیچے ہوئی آخر | اے بخت سیہ روزن دیوار نہ دیکھا

جیتا نہ رہے اور نہ مر جاسے یہ بیمار | مانند تپ عشق یہ آزار نہ دیکھا
گو مجلس آنک تری جا پہونچا ہی عاشق | افسوس کبھی آپ کا دربار نہ دیکھا

طالب ہے جہان اسکی ملاقات کا لیکن | جان بیچے جو دے ایسا طلبگار نہ دیکھا
بیہوش ہی ہشیار ہے اس از نہان کا | بیہوش کی مانند تو ہشیار نہ دیکھا

اے دست جنون چاک کیا ایسا گریبان | وحشی کی بدن پہ تو کوئی تار نہ دیکھا
معلوم ہوا میکدے میں آج گرو سے | واعظ پہ قبا جبّہ و دستار نہ دیکھا
بکتا ہی پھر امصر کے بازار میں تو عشق | یوسف کو میں اپنے سر بازار نہ دیکھا

مختار محمد ہیں ہر اک کار کے ضامن
محبوب خدا سا کوئی مختار نہ دیکھا

دیوان ضامن

ناخدا کشتیِ امت پہ ہے طوفانِ بلا
تو خبر جلد کہ ہے تجھسے حفاظت کی طلب

عشق نے آپکے معشوق بنایا ہمکو
آتشِ عشق کو ہر دم ہے زیارت کی طلب

سیری آنکھوں پہ کفِ پائے مبارک رکھدو
قرۃ العین ہو حاصل ہے عنایت کی طلب

تاجِ شاہی سے تو بہتر ہے تمھاری نعلین
سر پہ رکھوں تو کروں یا رِیانت کی طلب

آپکی شوقِ محبت میں نکلجائے یہ دم
دیجیے بہرِ خدا مجکو ہدایت کی طلب

ہم گدا ہے درِ احمد ہیں نہیں کچھ پروا
جاہ دنیا کی ہمیں اور نہ ریاست کی طلب

پنجتن پاک کی الفت میں فدا ہو جانا تو
تجکو ضامن ہے اگر خاص شہادت کی طلب

رہے خانۂ جان میں ہمیشہ صنم کبھی ملنے کا اُسکے نہوا سبب
چھپے پردے میں ایسا وہ غیرتِ حور کہ نہو دی خبر یہ ستم ہے غضب
تمھیں ڈھونڈھتے پھرتے ہیں شمس و قمر نہیں ثانی تمھارا کوئی بشر
ترے صدقے ہیں سارے یہ جن و بشر تری مثل صنم پری ہو سکے کب
تجھے کہتے ہیں جلوۂ رشکِ قمر تجھے کہتے کمانِ دریدہ جگر
تجھے سرو رواں کہیں سارے بشر تجھے کہتے ہیں قمری طوق لقب
ترے شوقِ وصال میں چھوٹا وطن تری کوچے میں آ کے تو پہنا کفن

ترے در پہ ہے ضامن علی یکہ تا شہر ہے دوسرا دامیر عرب

ردیف تای فوقانی

کیا دیکھیے یہ پروانۂ دلِ زار کی ہمت
غالب ہے رخِ شمع دل آزار کی ہمت

ہر گوہر و مرجان سی کیا کرتے ہین دامن
دیکھو یہ مرے دیدۂ خونبار کی ہمت

دیکھین نہ کبھی حور کو جنت مین مری جان
یا تنگ ہے تری طالبِ دیدار کی ہمت

بے پیری بلائے مری گھر آپ وہ آئے
عالی ہے یہ اُس عالیِ مقدار کی ہمت

عالم کو کیا مست خرابات سے ناز
مصروف ہے یہ ساقیِ سرشار کی ہمت

ہے دل مین تمنا کہ بیان کیجیے کچھ حال
قاصر ہے وہان دستِ گفتار کی ہمت

وہ کشتۂ ہجران کو تین دم مین جلاتے
ہے رشک مسیحا تری رفتار کی ہمت

صحرا مین تری مجنون کی پابوس کو آئے
اے آبلہ پا دیکھی طلبگار کی ہمت

عاشق کو غم ہجر سے اکدم مین چھڑایا
کیا کہیے کہ کیا ہے تری تلوار کی ہمت

دائرہ ہے میان عشق کی نقطے کو سب عالم
جاذب ہے ترے نقطۂ پرکار کی ہمت

ہر زخم جگر پہ مرے زنگار چھڑک دو
ای یار روا گر ہے تمھین کچھ بیمار کی ہمت

اب سینہ و دل مین ہے بازو و کمر مین
ہو جائے خدا حیدرِ کرار کی ہمت

شوق دیدار میں ہم بیخودی یا اشک ہوئی
گاہ بیخود ہجر میں ہوں باخبر ہوں وصل میں
اک نقطہ ہی نہیں ہم عشق میں اُس بت کو ست
دل کیسے پامال کتنے روز مُردہ ہی جی اُٹھے

زلت آرزی کہ ہوں بر سر بازار ست
یار بھی ہمکو ملا کیسا ہی خود ہشیار ست
شمس تبریز و جنید و شبلی و عطار ست
اے مسیحا ہر عجب تیری تو یہ رفتار ست

جب سے ساقی نے پلایا جام وحدت کا مجھے
حشر تک ضامن رہیگا بیخود و سرشار ست

ردیف ثای مثلثہ

معلوم نہیں خفگی دلدار کا باعث
جاؤں نہ کبھی کوچۂ دلدار میں ہرگز
اقرار تو کیا کیا تھی شب وصل میں تمسے
چاہے جسے ملجائے وہ خود کام ستمگر
موسیٰ کیطرح گر گئے بیہوش ہوئے سب
انداز نئی چال نئی ناز نئے ہیں

بیجرم و خطا تیغ قضا کار کا باعث
لیجائے ہر یہ عشق دل زار کا باعث
ظاہر نہوا ہمکو پہ انکار کا باعث
موجب نہو تسبیح نہ زنار کا باعث
اے یار وہ ہے جلوۂ دیدار کا باعث
یہ سب ہے میاں حسن کے اظہار کا باعث

دیوان ضامن

قید مین صیّاد کے ہم آپھنسے افسوس ہے
مُرغِ دل قیدِ ستم مین آپڑے اندہ ہی عبث

زلفِ سنبل یار کو ہر دم سنواری ہی صبا
کاکلِ مشکین کو ای مشاطہ شانہ ہی عبث

جو کُشتہ ہین تری تیغِ تغافل کے صنم
اُنکو جینا ہی عبث اور زہر کھانا ہی عبث

جا ہی عاشق کو خاکِ کوے جانان ہو رہے
جو گیا کوچے مین اُسکے پھر کے آنا ہی عبث

اسپ یا کیطرح اشک بدان مین ہو روان
آہ کا اُسکو عزیز و تازیانہ ہی عبث

جلگیا ای شمع تجھپر شوق دل سے جان نثار
ماتمِ پروانہ پر آنسو بہانا ہی عبث

ہے مگر مدِّ نظر جان نثار قیبون مین تمھین
چاہیے جانا وہان ہمکو سُنانا ہی عبث

تو نہ آیا اپنے گُشتے کے جنازے پر کبھی
بعد مدت اُسکی مرقد پر بھی آنا ہی عبث

مرقدِ عاشق کو تیری سایۂ گیسو ہے بس
روضہ و گنبد کلس اور شامیانہ ہی عبث

طائرِ جان اُڑ گیا قید دو عالم چھوڑ کر
مُرغِ لاہوتی کو ضامن آشیانہ ہی عبث

ردیف جیم

آنکھ مفلس کی لڑگئی سن حُبّت زردار سے آج
مُرغِ دل بازی لگی طائرِ پردار سے آج

دل مرا قید ہوا زلف مین تیری کافر
ربط مومن کو ہوا رشتۂ زنّار سے آج

رنج لاکھون ہوئی گو تجھ سے کروڑون صدمے
یا خدا ہو نہ مگر اس بت عیار کو رنج

کوہکن کی جو لگا سر مین ہے تیشۂ عشق
خون عاشق سے ہوا اس کہسار کو رنج

معدن رنج ہون ایسا کہ مری رنج سے ہاے
دشت غربت مین بھی ہی پانوؤن سے ہر خار کو رنج

کیون عبث کیجیے اُس یار کا شکوہ ضامن
عشق مین ہوتا ہی ہے عاشق غمخوار کو رنج

جو گنج ہاتھ نہ آئے تو کچھ نہ لائے رنج
سو گنج رنج کا ہی گنج صد بلائے رنج

دولت کے گنج کو دیکھو تو رنج ہوتا ہے
قسم خدا کی ہی کیا کیا نہ یہ دکھائے رنج

خوشی کی باتین کرو اور خوش ہو بے رنج
عزیز جانو اُسے دل سے جو اُٹھائے رنج

یہ رنج شغل قضا ہے کہ مار ڈالے ہی
زمین کی نیچے شجاعونکو یہ تو لائے رنج

ترنج اسلیے ہی ترش آہین بھی ہی رنج
بہ رنج خور بھی ہوتی ہین مبتلائے رنج

ذرہ سی بات مین رنجیدہ جو کہ ہو جاوے
تم اُس سے ہی بچا کو کہ وہ بھی ہی اک بنائے رنج

مٹا دے دفتر دل سے تو رنج کو ضامن
بہت سے دنیا مین تو تو نے اُٹھائے رنج

ردیف حای حطی

دیوان ضامن

ردیف جای معجم

دفتر وحدت ہے ضامن صفحۂ خاطر ترا
لوحِ دل سے ہوگیا حرفِ دوئی کا انتساخ

ردیف دال مہملہ

کیا کیا نہین مجھپہ کرتے بیداد
اللہ سے ہے بتون کی فریاد

قدکو ترے قامتِ قیامت
شمشاد کہون کہ سروِ آزاد

ہے سامنے تیرے دست بستہ
خوبان کا مگر تو ہی ہے استاد

انکھون مین ہے نور تیرے دم سے
ہے خانۂ دل تجھی سے آباد

تو غمزہ نواز فتنہ زا ہے
ہے ناز و ادا کی تو ہی بنیاد

یہ چرخِ کہن ہے پیرِ دیرین
صدہا ایسے داؤن گھات ہین یاد

اے ظلم شعار آفتِ جان
اِس فن مین ترا ہی کون اُستاد

شیرین تری غم مین کھائے تیشہ
ادنی ترا کوہ کن ہے فرہاد

وہ سخت ہے سنگدل ترا دل
ہے سامنے جسکے موم فولاد

او چرخِ بخیل مردم آزار
کیا کیا تجھے داؤن گھات ہین یاد

کیا حور و قصور کس کی جنت
تم بن مرا دل کبھی نہ ہو شاد

دیوان ضامن

ازل سے تھا ہر ایک جا [illegible]
محمد ہے محمد ہے محمد
شرف صاحب لولاک ہے وہ
بیشک نور کل افلاک ہے وہ
وہ موصوف صفات پاک ہے جو
محمد ہے محمد ہے محمد
مقدس مرآت نور الٰہی
محبوب ذات بارگاہی
وہ شاہان شہنشاہان [illegible]
محمد ہے محمد ہے محمد
بروز حشر لرزان [illegible] مین ہون
بتا [illegible] شفاعت [illegible]
محمد ہے محمد ہے محمد

دیوان ضامن

نہ باقی چھوڑ کوئی صید کا نشان صیاد
ہر ایک مرغ یہ کہتا ہے الامان صیاد

یہ مرغ دل نہیں آنیکا دام مین تیرے
ہے لامکان نہ سدا اُسکا آشیان صیاد

نہ توڑ ذبح سے پہلے تو بال و پر میرے
نہ کر یہ جور و ستم ہے یہ بے بیان صیاد

نہین ہے چہچہ مین بلبل کے شاخ سنبل کی
ہے اُسکے دل سے اُٹھا آہ کا دھوان صیاد

پھڑک کے توڑ لیے مرغ دل نے بال و پر
نہ ایکدم بھی ہوا اُسکا پاسبان صیاد

نکل چکا ہے لہو چھیت گلے پہ چھری
ہوا ہے رنگ مرا رنگ زعفران صیاد

نگاہ تیر نے بس کر دیا ہے کام تمام
اُٹھا نہ ہاتھ مین اپنے تو یہ کمان صیاد

شب وصال ہے مرغ سحر کا کھٹکا ہے
الٰہی کاٹ لے اُسکی کوئی زبان صیاد

ہمارا طائر دل کرکے دام زلف مین قید
لیے پھریگا ہمیشہ کہان کہان صیاد

قفس مین بند نہ کر ذبح کر مرے قاتل
چھوڑا دے قید ہستی کی مہربان صیاد

وصال یار میسر ہو کس طرح ضامن
ہمیشہ گھات مین رہتا ہے آسمان صیاد

احد سے کون بن آیا ہے احمد
محمد ہے محمد ہے محمد

بشکل بشر ہے آن نور سرمد
محمد ہے محمد ہے محمد

تحیات و درود و در رحمت حق
سلام اللہ بر روح محمد

[illegible]

به بوسش آمده زسنگ اسود
محمدؐ ہے محمدؐ ہے محمدؐ

ہزاروں معجزے نادر دکھائے
محمدؐ نے بہت مردے جلائے

یہ کنکر دیے ہیں سب رد
محمدؐ ہے محمدؐ ہے محمدؐ

وہی ہے مالک ملک الٰہی
حقیقت میں وہی ہر قبلہ گاہی

شفیع امت عاصی کہ آمد
محمدؐ ہے محمدؐ ہے محمدؐ

کشیدہ بر رخ مصحف چو گیسو
دل عشاق را بستہ بہر مو

کدام آنکس کہ دارد مدّ و این شد
محمدؐ ہے محمدؐ ہے محمدؐ

کہا جبریل کو مسجد میں اک دن
ہیں پردہ وہاں کچھ ساکن

وہاں ہو دی اصدا اور یہاں ہی احمدؐ
محمدؐ ہے محمدؐ ہے محمدؐ

کہا جبریلؑ نے آکر کہ اے دا
مجھے کیوں بیچ میں تم نے پھرایا

سوائے ذات اقدس آنکہ باشد
محمدؐ ہے محمدؐ ہے محمدؐ

کھلا جب عائشہؓ پہ ستر مکنون
رسول اللہ تمکو میں کہوں گی

خدا اسکو کہوں گی یا محمد
محمدؐ ہے محمدؐ ہے محمدؐ

کہا حضرتؐ نے خوش ہو عائشہؓ سے
ترا ایمان کامل ہو گیا ہی

عزیز و اسکو تم جانو موکد
محمدؐ ہے محمدؐ ہے محمدؐ

اگر طالب ہو تم قرب الٰہی
محمدؐ ہے محمدؐ ہے محمدؐ

سعادت جنت میں تمکو بادشاہی
طریق احمدی سے ہو میسر
محمدؐ ہے محمدؐ ہے محمدؐ

حصول معرفت ہر یہ ولایت
شریعت ہو طریقت ہو حقیقت
محمدؐ ہے محمدؐ ہے محمدؐ

ردیف راء مہملہ

کہ جسنے ذاتِ احمد کو نہ جانا
نہیں ملی رہِ دین مین اُسکا ٹھکانا

بستا مومن کے دل مین یا محمدؐ
محمدؐ ہے محمدؐ ہے محمدؐ

تمہارے عشق سے سرِّ الٰہی
ہویدا مجھپہ ہوجاوے کما ہی

اگر ضامن ہو تم یا جدّ امجد
محمدؐ ہے محمدؐ ہے محمدؐ

ردیف ذال معجمہ

لکھو نمین اپنا جگر سوز لائیے کاغذ
عزیزو کوئی سُنہرا منگائیے کاغذ

ہر ایک حرف ہے مرے خط کا دامِ الفت ہی
جُدا جُدا اُسے قاصد سُنائیے کاغذ

جو فہم ہو خط کو سُنانے سے نامہ بر ہو ہیچ
کسی مجلے کو بُلا کر پڑھائیے کاغذ

غمِ فراق کو یارو جو اپنے کیجے رقم
ہزاروں دفترِ غم کے بنائیے کاغذ

گنہ کی سیاہی سے اعمال نامہ میرے ہین سیاہ
تو اپنے فضل سے یارب چھپائیے کاغذ

ہوا ہے خط مرے اشکو نسے تر بوقتِ رقم
دلا یہ دفترِ غم سے بہائیے کاغذ

لکھا کے نقش کوئی لیس کا مشک و گلاب
صنم کو شیر و عسل مین پلائیے کاغذ

لکھے وہ کونسے خط مین بقین شکایت کے
ابھی منگا کے ہین وہ دکھائیے کاغذ

کسیکے ہاتھ نہ آجائے رازِ دل ضامن
حریف بد کی نظر سے بچائیے کاغذ

[illegible]

کیجے نہ ذرا شکوۂ خنجر تہِ خنجر
تسلیم و رضا چاہیے خنجر تہِ خنجر

طاقت نہیں بازو میں ہے یا کند ہوئی دھار
یا حلق مرا ہو گیا پتھر تہِ خنجر

خون کیجیو مرا دل صفتِ شر گا نہیں ہے ٹھہرا
اس دل کا ہوا ابتو ہے بستر تہِ خنجر

ہر زخم پہ کہتا ہوں کہ رحمت ہے خدا کی
ہمسایہ ہے یہاں کون دلاور تہِ خنجر

کیا لطف و مزہ پاتی ہیں عاشق تری قاتل
گردن جو کٹا لیتے ہیں اکثر تہِ خنجر

بسمل کو تڑپنے نہیں دیتا ہے وہ قاتل
کیا کیا نہیں کرتا ہے ستمگر تہِ خنجر

ڈرتا ہوں تحمل کرکے نہ بہ جاوے یہ آہن
ہے آتشِ الفت مری اندر تہِ خنجر

فرقت کی مصیبت سے چھڑایا مجھے قاتل
ہو جاوے ادا شکر ہے بہتر تہِ خنجر

تڑپے ہے کوئی لوٹے ہے بیتاب کوئی ہے
جانباز ہیں اکثر پڑے در پر تہِ خنجر

میں آہ نہیں کرتا ہوں کٹا لیتا ہوں سر کو
قاتل وہ مرا کون ہے ہمسر تہِ خنجر

گر قتل کی ٹھہرے تو دکھا دے رخِ زیبا
ضامن یہ بڑا تڑپے ہے کافر تہِ خنجر

جو نظر آتا نہیں تھا اب وہی آیا نظر
چشمِ حق بیں بعد مدت تو نے حق پایا نظر

آفتاب نورِ حق گو ہے عیاں پر ہے نہان
اس رخِ روشن کا ہمکو آرہا سایا نظر

غیرِ حق مت دیکھنا اے چشمِ حق بیں دیکھنا
ہمنے کیا کیا کسطرح سے تمکو سمجھایا نظر

[illegible]

ضامن مسکین [illegible]

ردیف دال ہندی

[illegible]

نیمجان تڑپے ہے کشتہ ترا او اہل ستم
ہاتھ سے اپنے نہ قاتل ابھی تلوار کو چھوڑ

دیکھ مخمور تری چشم سیہ مستان کو
محتسب تیری گلی مین گئی دستار کو چھوڑ

وعدۂ وصل وفا کون سے دن ہوگا ہائے
عمر گذری ہے مری ابتو این انکار کو چھوڑ

کوی جانان تو ہوا ہے مجھے فردوس سے خوش
اب کہین جاؤن ہونہین کوچۂ دلدار کو چھوڑ

ہاتھ پاؤن ہین جدا سر بھی کسیکا ہے جدا
نیمجان کرکے وہ قاتل گیا دو چار کو چھوڑ

تم بھی اب کھاؤ ہوا جاؤ بیابان سے اڑ جاؤ
گل گیا باغ سے ای بلبلو اب خار کو چھوڑ

تیری الفت مین تو ضامن کو جہان نے چھوڑا
تو نہ او اہل وفا اپنے وفادار کو چھوڑ

ردیف زا بر معجمہ

دخل ہووے نہ رقیبونکا جہان پر ہرگز
نام آجاے نہ غیرون کا زبان پر ہرگز

شکل غنچہ ہوئی خان کی لب ہے پنہان
بے نشانی کا نہ رکھ لفظ زبان پر ہرگز

مثل بو ہے گل تر یار مین وہ رہتا ہے نہان
وہم دوری کا نہین یار وہان پر ہرگز

عاشق جلوۂ دیدار ہین جو خاص خدا
دل لگاتے نہین وہ حور جنان پر ہرگز

جو کہ ہین خاک نشین تارک دنیا ہے لعین
پاؤن رکھتے ہی نہین تخت شہان پر ہرگز

دیوان ضامن

پرہیزگار آپ ہین معلوم ہے ہمین
ای شیوۂ فریب دم باز رکھ پرہیز

بے جرم قتل کر نہ کسیکو خدا سے ڈر
جور و ستم سے او بت طناز رکھ پرہیز

مردے جلائے آپنے ای عیسی زبان
کشتے سے تو نہ صاحب اعجاز رکھ پرہیز

وعدہ کیا وفا نہ کیا شب گذر گئی
دم دیکے ہمکو او بت دمباز رکھ پرہیز

وہ بیوفا کسی کا ہوا آشنا نہین
اُس بیوفا سی ای دل ناساز رکھ پرہیز

ای اشک شرح راز نہ ضامن کا فاش کر
اب بہر لا تو گریۂ اعجاز رکھ پرہیز

ردیف سین مہملہ

نہ جا تو یار کسی بو الہوس کے پاس
برنگ بلبل و گل بیٹھ خوش نفس کے پاس

مثال بوے گل تر کہان گیا نہ ملا
ہمارے پہلو سے دل جنبیدہ فرس کے پاس

ہمارے قرب سے پرہیز گلبدن کیون ہے
کہ گل بھی رہتا ہے گلفام خار و خس کے پاس

لبون پہ آہ و فغان بلبلین بس ہے نالۂ شوق
جرس بجی ہے دمادم یہ اک جرس کے پاس

نہ مل تو غیر سے ای یار ہم سے یا ہم مل
کسی نے دیکھا نہ پروانہ خوش نگس کے پاس

برنگ بلبل شیدا فدا ہون اسیر مین
اگر وہ گل رخ زیبا جو بیٹھے ہے قفس کے پاس

ضامن اُسکا پیتا کہیں نہ ملا
ہمنے ڈھونڈھا وہ یار برسوں برسوں

جو صید کش کو ہوئی دام اور قفس کی ہوس	تو مرغِ دلکو مری ہے تمھارے لبس کی ہوس
کسیکو ناقۂ لیلی کے ہے جرس کی ہوس	ہمیں ہے یار کی انداز خویش لفس کی ہوس
مثالِ عاشقِ پروانہ شمع رُو پر جل	نہ بیچیا صفتِ طیر رکھ مگس کی ہوس
ہمیں ہے پاک تعشقِ جمالِ یار کا شوق	نجس کو ہوتی ہے دلدار سے نجس کی ہوس
جو عشق باز ہے صادق تو جان دے پہلے	مقامِ عشق میں باطل ہے بوالہوس کی ہوس
بنی ولی تو یہ کہتے تھے ماعرفناک	نہ تو ہے کچھی کسیکی بھی دسترس کی ہوس
تمھارے عاشقِ صادق کو وہ جنون ہوا	ہوئی ہے جنگو کی اب سکو خار و خس کی ہوس
ہوا ہے تختِ سلیمان خاک کا میرے	نہ ہمکو فیل کی خواہش نہ کچھ فرس کی ہوس
وہ شاہِ حسن دکھاتا نہیں جمال کبھو	جو شوق لاکھ برس کا ہو سو برس کی ہوس
کلس ہے گنبدِ گردون پہ مہر و ماہ کا کیون	تمھارے حجلۂ زیبا کے ہے کلس کی ہوس
کہاں ہے تختِ سلیمان سکندر و دارا	مقامِ فانی ہے دنیا مگر عبث کی ہوس
ہمیں تو ایک فقط آپکی ہے یار غرض	نہ سو ہزار سے سلطنت پانچ دس کی ہوس
تمھارے قدمونپہ ضامن کی جان نکلی ہے	ہے پائے ناز کی آنکھوں سے ہمکو مس کی ہوس

دیوان ضامن

[illegible]

یہ جتنی دنیا ہی عبث کب تک گئے گا پانچ وسن
یہ کل شئی ہالک ہے فانی ہی سب مور و مگس

کیا پانچ وش کیا پانچ وش اللہ بس باقی ہوس
مور و مگس مور و مگس اللہ بس باقی ہوس

ای طائر جان در قفس فریاد مت کر صبر کر
مجنون بن مین پھر رہا تم چھوڑ دو وہ اس مرا

ای در قفس ای در قفس اللہ بس باقی ہوس
ای خار و خس ای خار و خس اللہ بس باقی ہوس

ای مونس غم ہمنفس تو بھی گریزان ہو چلا
فریاد ہی تمسے مری ای دادرس صابر علی

ای ہمنفس ای ہمنفس اللہ بس باقی ہوس
ای دادرس ای دادرس اللہ بس باقی ہوس

بس کام یہ ہی آئیگا کر یاد حق اسے ہمنفس
ای ہمنفس ای ہمنفس اللہ بس باقی ہوس

ضامن علی ہین دادرس مخدوم ہین فریادرس
فریادرس فریادرس اللہ بس باقی ہوس

ردیف شین معجمہ

آتے ہین تیری عاشق شیدا کو غش پہ غش
مجنون کیطرح کشتۂ لیلی کو غش پہ غش

مت کھول فصد خون کی عیوض ہین آئینگے
مجھ ناتوان و والہ و شیدا کو غش پہ غش

کچھ بھی خبر ہے آج ستمگر کہ کیا ہوا
تیری گلی مین عاشق شیدا کو غش پہ غش

اس بے خبر حبیب نے سکتہ بتا دیا
فرقت مین آئے حیرت افزا کو غش پہ غش

ہو نہیں سکتی کبھی تیری برابر خاص خاص	آسمان لبری کا تو ہے خورشید کمال

زندگی دنیوی ضامن مثال برق ہے
جادۂ فانی پہ رکھیں اپنا بستر خاص خاص

ردیف ضاد منقوطہ

رکھتے ہیں ہم تو مالک مختار سے غرض	ہمکو نہیں ہے کچھ بت عیار سے غرض
کچھ ایک سی غرض ہے نہ دو چار سی غرض	ہمکو غرض فقط ہے تو اک یار سی غرض
سبحہ سے ہمکو کام نہ زنار سے غرض	تار نفس کا تار بندھا یار تیری ساتھ
بسمل کو یار کے نہیں طومار سے غرض	ٹانکے لگا نہ زخم پہ مرہم لگائیے
رکھتا ہے یار بھی دل بیمار سے غرض	بڑھ جائے مرض عشق دوا ایسی دے طبیب

آب بقا سے کام نہ عیسیٰ و خضر سے
ضامن کو یار ہے ترے دیدار سے غرض

ردیف طای مہملہ

جز تجلی یار کے دیکھا نظر آیا غلط	جسکو سمجھے تھے صحیح ہم اسکو پایا اب غلط

ردیف ظای منقوطہ

دیوان ضامن

تمہاری کاکلِ مشکین کو دیکھکے زاہد | رہے نہ قید سے کوئی بھی پارسا محفوظ

بتون کا عشق ہے ضامن یہ ناگہانی بلا
کہ اُنکے جور سے ہمکو رکھے خدا محفوظ

ردیف عین مہملہ

اہلِ رضا کو یار سے تکرار ہے منع
بسمل کو زیرِ تیغ کے گفتار ہی منع

زخمیِ تیغ عشق کو تسلیم چاہیے
اِس مرض کی دوا دلِ بیمار ہے منع

مرتا ہو جو کہ آپ ہی فرقت مین یار کی
گردن پہ اُسکی کھینچنی تلوار ہے منع

حور جنان کا عیش لذائذ نفوس ہے
جز یار کے یہ طالبِ دیدار ہے منع

جسکو کہ ہو نہ شوق لقائے جمالِ دوست
تسبیح کیا ہے رشتۂ زنار ہے منع

رازِ درون پردہ سودائے زلفِ یار
پردے کی بات بر سرِ بازار ہی منع

کسطرح دیکھیے یون اُسے جس جا نہو گذر
غرفہ بھی منع روزنِ دیوار ہی منع

نامہ مین کیا لکھون کہون اُس سے حال کیا
وان گفتگو تو قاصدِ طرار ہے منع

عالم کو تمنے قتل کیا تیغِ ناز سے
پر قتلِ مجھ غریب کا خونخوار ہے منع

حاصل جواب ہو نہ کسی بات کا وہان
اقرار بھی منع ہی تو انکار ہے منع

ردیف غین معجمہ

پسند خاطر ایزد ہی عدل اور انصاف
پہ چار دن کی ہی فصل بہار گلشن مین
فریب حسن پہ اے گل نہ کر تو اتنا لاف
روا نہین کسی مذہب مین کرنا حق تلفی
ستم سزا مجھے قاصد کا ہو قصور معاف
کسی کا ہمیشہ نہین ہوتا کبھی کو زوال
خدا کے سامنے ہوگا برا ترا انصاف
جفا و جور و ستم جتنے چاہے اب کرلے
لگی دکھی کبھی ہمکو بھی اب زمین صاف
محبت ہو گئی ہے ہمکو اس پیرو سے
اُسی کو خانہ کعبہ کہین ہین اے ضامن
جو دل ہو پاک کدورت سے مثل آئینہ صاف

روشن چراغ قبر مین سینے پہ ہین مرے
ضامن فراق یار مین تمنے جو کھائے داغ

ملتا نہین ہے یار نہ کچھ یار کا سُراغ
ڈھونڈھا جہان مین پایا نہ دلدار کا سُراغ
اِک تھا رفیق پہلو مین وہ بھی گیا ہے چھوٹ
ہمکو ملا نہ کچھ دلِ بیمار کا سُراغ
کچھ کام ایسا کیجیے جس سے کہ وہ ملے
ہم کو بتادو دوستو اُس یار کا سُراغ
مشکل تو یہ ہے جبکہ وہ ملتا ہے نازنین
ملتا نہین ہے طالب دیدار کا سُراغ
گم گشتگانِ وادیِ حیرت کو ڈھونڈھ مت
ہاتھ آئیگا نہ صاحب اسرار کا سُراغ
ڈھونڈھا اُسی کو آپکو جب ہمنے پالیا
ہاتھ آگیا ہمین تو یہ بیکار کا سُراغ

دل مین مقام یار ہے جون بوی مثل گل
ضامن ملا ہے ہمکو یہ اب یار کا سُراغ

ردیف فا

خدا نے بخشے ہین جو ذات مین تری اوصاف
نظیر تیرا نہین ہے زمین سے تا قاف
یہ ہمنے مانا کہ یوسف ہی خوبصورت ہے
مگر زلیخا اُسے دیکھکر کرے انصاف
وہ شمع طور کے جلنے کو کرتا ہے ظاہر
پڑا ہے جسد مین اُسکے وہ نقرئی موباف

ردیف قاف

دیوان ضامن

ردیف میم

نہیں دل رہا ہی بچانے کے قابل | جگہ تیر کا ہون نشانے کے قابل

مرا سر ہے قاتل کٹانے کے قابل | تجھی تیغ ہے آزمانے کے قابل

اگر کوئی سر ہے کٹانے کے قابل | وہی اس گلی مین ہو آنے کے قابل

ہنسایا کسیکو دیا ہمکو گریہ | فقط ایک مین تھا رولانے کے قابل

شہید ستم کو نہ پانی سے دو غسل | یہ لاشہ ہی خون سی نہانے کے قابل

یہ عید قربان دکھائی ہے ہمکو | گلے سے ہی خنجر لگانے کے قابل

مین نقش کف پائے جانان ہون ای غم | نہین ہو یہ نقشہ مٹانے کے قابل

مرا عشق اور جور تیرا ستمگر | یہ نادر ہین دونون فسانے کے قابل

مین وہ ناتوان ہون مرا دم ہی آندھی | ہوا باد غم کے اڑانے کے قابل

ہوا ہون کسی گل کی الفت مین بلبل | مری قبر ہے گل چڑھانے کے قابل

اگر ہو ہلاہل تو پی جاؤن اسکو | نہین مین ہو فرقت کا کھانے کے قابل

ہوا مار گیسو پہ عاشق مرا دل | یہ سانپون سی اب ہو کٹانے کے قابل

ترا دم بجایا دلیلے سے خالی | یہ مجنون جرس ہی بجانے کے قابل

نہ عشق اگر شعر خوانی ہو باطل | نہین مین یہ قوال گانے کے قابل

خفا ہو نہ طوفان گریہ سے میرے | یہ دریا ہی خون ہی بہانے کے قابل

ردیف نون

ہمکو مارا ہی محبت نے کسی گلفام کی
وہ بت کافر ہوا کب رام ہم کافر ہوئے
مرزکو مدت سے سنتے ہین عزیزو ہم وصال

مثل بلبل بر سر گلزار مرجائینگے ہم
تارِ گیسو کی ہین زنار مرجائینگے ہم
اس تمنا مین ابھی غمخوار مرجائینگے ہم

آج کل پر جھوٹے وعدے کرتا ہی ضامن وہ شوخ
ایک دن یون ہی مگر ناچار مرجائینگے ہم

تیری فرقت مین او بتِ خود کام
بت پرست آپ اور ہمارا نام
تو زبان اپنی یار رکھ تھام
کیا ہی تازہ ہی بوی گل سے دماغ
لیکے دل اس پری نژاد نے یون
ہم نے بہتیری بت پرستی کی

کام اپنا ہوا تمام تمام
حضرت دل تمھین سلام سلام
ہم سُنے جائینگے ترے دشنام
رہے ایام باغ حسن مدام
وحشیون مین کیا مجھے بدنام
نہو ا رام پر وہ دل آرام

کربلا کو ہے یار سے ضامن
اور بلا اُس کی ابروِ صمصام

دم باز تھا جو ہمکو وہ دم دیگیا صنم
امید وصل تھی ہمین فرقت ہوئی نصیب

آرام دیگیا ہمین غم دیگیا صنم
عیوض مین وصل کی ہمین ستم دیگیا صنم

خفا ہے بلبل گل و باغبان سے — نہین کوئی اپنا سہارا چمن مین

لگے آگ جل جائے گلشن عزیزو — کیا اُسنے ہمسے کنارا چمن مین

صبا غنچہ و گل سبھی ہین نظر مین — ذرا ہو چکے جلوہ آرا چمن مین

نہ بستی مین یا ورنہ صحرا مین ہو ہم — نہین کوئی مونس ہمارا چمن مین

نہ ضامن کو الفت ہے سیر چمن سے — نہ تجھ بن ہے ہمکو گوارا چمن مین

ڈھونڈھا اُسے جا نہین وہ ابتک ملا نہین — ارض و سما مین یار کا ملتا پتا نہین

جلکے خاک بھی ہوا اور نہ کچھ بجھا — جس طرح مین جلا کوئی ایسا جلا نہین

بلبل بھی مر گئی غم باغ و بہار مین — شاید کہ اس چمن مین کوئی گل کھلا نہین

جو کچھ کہ مجھ پہ گذرا وہ قابل بیان نہین — راز درون دل یہ کسی نے کہا نہین

ولیکن یہی ہے ٹھہری کہ مرجائیے ابھی — پر کیا کرون کہ آئی ابھی تک قضا نہین

گردن پہ آپ کی تو مرا خون ہو چکا — بیجرم قتل مجھکو کیا تمنے کیا نہین

مت رکھ خیال زلف سیہ ناگنی کا دل — افعی کو آستین مین کوئی پالتا نہین

شاید ہمارے خون کی مہندی لگاؤ گے — دست جفا پہ آپکے رنگ حنا نہین

کوچہ تمھارا فرض کیا کربلا نہین — بڑ قتل گاہ دہلی سے کم بھی ذرا نہین

[illegible]

عاشق کو کام کیا ہی شراب و کباب سے عیسیٰ کا حشر تک نہیں احسان اٹھاینگے		ہم کھانیوالے خون جگر کی غذا کے ہین مقتول ہمتو یار کے ناز و ادا کے ہین

دنیا کی بود و باش تو ضامن ہوا ہے
دیکھا جو غور کر کے یہ پتلے ہوا کے ہین

اے شمع وہ ہی اپنا سینہ کباب تجھ بن	اور بحر زندگی ہی مثل حباب تجھ بن
کل کل بگڑ رہی ہے ہیکل کیا ہی ایسا	کچھ دم نہ مارتی ہین چنگ و رباب تجھ بن
آہ و فغان ہی حسرت بیٹھی ہین غم کے مارے	سب بند ہوگئی ہین فرحت کے باب تجھ بن
وہ دہ چراغ کشتہ الفت ہین آپ کی ہون	اور زندگی ہی اپنی مثل حباب تجھ بن
شعلہ بنا دیا ہے اور آتش محبت	جون برق جا بجا ہی لُبّ لباب تجھ بن
شیرازہ محبت اور عقل کی کتابین	سب منتشر ہین سیپارے فصل و باب تجھ بن

حاصل ہوا نہ ضامن جز یاس اور حسرت
برباد کر دیا ہے اپنا شباب تجھ بن

پیتے نہیں ہین ساقی ہمتو شراب تجھ بن	اور جام مے صراحی سب ہین خراب تجھ بن
گنتا ہون شب کو تارے آ ماہتاب تجھ بن	تاریک سب جہان ہی اور آفتاب تجھ بن
ہین سرخ اشک اپنے ساقی شراب تجھ بن	جون جلکے دل ہوا ہی میرا کباب تجھ بن

ردیف النون

قابل نہیں بیان کے حال خراب اپنا
ضامن ہے جو گذرا رنج و عذاب تجھ بن

کس طرح دیکھون وہ مہوش تو نظر آتا نہیں
کیون [illegible] دکھلاتا نہیں

[illegible] یاد آتا نہیں

وہ دہن بن [illegible] بھی [illegible]
[illegible] کیا یار فرماتا نہیں

کس کو [illegible] کون [illegible] جاتا نہیں

اے صبا [illegible] سی لگی یا [illegible] عدم

[illegible] کوئی جا کر پھر آتا نہیں

کشتۂ تیغ جفا کے لاشۂ مظلوم کو
اشک غم نہیں کے سیوا کوئی تو نہلاتا نہیں

جا لگا محفل میں لیکن شمع سان خاموش ہون
برق کی مانند مضطر ہو کے جلاتا نہیں

ہو وہ منظور نہیں مری لیکن نظر آتا نہیں
مثل بوے گل ہے پنہان شاد دکھلاتا نہیں

دسب خفگی نہیں کچھ دشمنوں نے کہہ دیا
آپ بھی آتا نہیں وہ ہمکو بلواتا نہیں

جان بلب ضامن ہے آہ وحشت سنگین دل
ہاے قسمت وہ ستمگر کچھ تو فرماتا نہیں

حسن و جمال یار تو کیا جا بجا نہیں
پر کیا کرون کہ آنکھ مری حق نما نہیں

دریاے غم میں پار میں ہو جاؤن کسطرح
طوفان میں ہے جہاز مگر ناخدا نہیں

دشنام دیکر مردے جلائی ہیں یار نے
عیسے کے لب میں بھی تو ایسی شفا نہیں

فردوس ہے بہشت ہے عرش بریں ہے یہ
آیا جو کوے یار میں پھر کر گیا نہیں

جاؤن کدھر میں تیرے سوا چھوڑ کر تجھے
تجھسا جہان میں یار کوئی دوسرا نہیں

عاشق اگرچہ مخزن رنج و بلا ہے یہ
مانند ہجر کے کوئی رنج و بلا نہیں

دعوی تو کر رہا ہے خدائی کا وہ صنم
لیکن یہ شکر ہے کہ وہ کافر خدا نہیں

ملجائینگے مزار میں مجنون کے استخوان
زنجیر میری پانون کی وحشت ہلا نہیں

باد خزان نے باغ کے برباد کر دیا
غنچہ ہمارے دل کا جو اب تک کھلا نہیں

دیوان ضامن

جسکے ہون ہر کام مین ضامن علی	مشکلین اسکی ہون آسان سیکڑون
لامکان ہین مکان رکھتے ہین	بے نشان کا نشان رکھتے ہین
ہو رہا ہو وہ سے نہین کچھ کام	اس سے آگے دھیان رکھتے ہین
جب عدم سے وجود مین آئے	کُلّ یوم کی شان رکھتے ہین
ذات واجب کو کر دیا ممکن	عشق تجہیر گمان رکھتے ہین
راز ہو ہو ہے نغمۂ قدوس	صوت سرمد پہ کان رکھتے ہین
جان اپنی تو ہے فقط بے جان	اپنے جانان کی جان رکھتے ہین

کیا فنا نے مزہ دیا ضامن
کر بقا سے ہم آن رکھتے ہین

گوہر نایاب دندان ہین دہانِ یار مین	سرخی لعل بدخشان ہے زبانِ یار مین
ابرو خمدار اسکی اور مژگان سنان	دستۂ تیر قضا دیکھا کمانِ یار مین
آنکی اُسکے خبر تھی آن سے آیا وہ یار	آن نکلی ہے عجائب آج آنِ یار مین
روزنِ دیوار سے شاید وہ آ جھانکے مجھے	تاکتے ہین اسلیے ہم ناودانِ یار مین
سب گلو نکہتِ معطر ہوئے گلشن سے دماغ	کیا نسیم آئی گذر تو بوستانِ یار مین
گل توڑا تو پہ یہ سر تھا آج یہ رتبہ ملا	ٹھوکرین کھاتا پھرے ہے آستانِ یار مین

ظاہر اقطرہ ہوں معنی میں ہوں دریا قلزم
جلوہ عرفان کا ہوں گم گشتہ کنارا مجھ میں
شمس سر احقیقت کا ہوا جب طالع
چھپ گیا ہستی موہوم کا تارا مجھ میں
آپ ہی یار انا الحق ہے پکارا مجھ میں

ہو میں کیوں دیوانی یہ بلبلیں کہ وہ کرتیں بیان سی سفر نہیں
کبھی برق سان تب و تاب ہے دلِ وحشی ایسا خراب ہے
گیا پہلو سے ایسا شتاب ہے کوئی جاتا ایسا شرر نہیں
ترا کوچہ رشکِ چمن ہوا مرے خون سے لالہ جو بن گیا
ہوا رشکِ خُلد یہ اے دلا مجھے رنج و غم کی خبر نہیں
مرے اشک کثرتِ گریہ سے کہ جو آب تھے سو وہ خون ہوئے
یہ عجیب رنگ بدل گئے کہ عقیق ایسا گہر نہیں
جہان مرنے کو سبھی مرتے ہیں سفرِ عدم سبھی کرتے ہیں
جو خودی سے اپنی گذرتے ہیں کوئی ضامن ایسا سفر نہیں

میں نہیں جلوہ نُما آپ ہی پیارا مجھ میں
ذوقِ دیدارِ یار کا یارہ نہیں یارا مجھ میں
یار کو ڈھونڈھا تو پھر آپ میں پایا میں نے
کوزہ گر کیسے بنا خاک کا تو جامِ الست
نام ہی غیر کے غیرت ہی تو آیا پیارے
راز مخفی کیا انسان میں ظاہر اُسنے

نقش فی انفسکم جیسے سنوارا مجھ میں
عشق نے شور مچایا ہے وہ دبارا مجھ میں
نحن اقرب کا وہ کرتا ہے اشارا مجھ میں
شوق نے گوندھ لیا عشق کا گارا مجھ میں
ہجر کا تیر سے نہیں اب تو سہارا مجھ میں
چارہ گر آپ ہی ڈھونڈھی ہے وہ چارا مجھ میں

دیوان ضامن

ہی وہ تپچہ دہ جسکے گلشن کا سرسی پاؤن تک
اپنی آنکھونپر رکھون اور سر پہ یون اپنی اُٹھا
جل کہا نسنے ایڑ کر بولا کہ کیا مُنھ ہے ترا

چشم نرگس یار نرگس ناز سر کی ایڑیان
غنچہ گل سی ہین نازک سیمبر کی ایڑیان
چُوم لی تو ہیسلے ب شب قمر کی ایڑیان

قرۃ العینین حاصل جب ہوا ای ضامن علی
اپنی آنکھونپر رکھون خیر البشر کی ایڑیان

گذری ہین سئو برس مجھی بن یار رات دن
ممکن نہین کہ جور سے تیری کوئی بچے
عالم شباب کا مرا سارا گذر گیا
مجنون کو خلق نے تو اب ایسا بھلا دیا
رُخ مطلع السحر ہی شب تار زلف ہے
دیکھا جو دلربا نے مجھے آپ مبتلا
ہر دو جہان سے رشتۂ الفت کو توڑ کر
دار الشفاء یار مین جا کر کوئی کہے

تڑپے ہی کوئی ہی یہ دل زار رات دن
قاتل علم ہو آپ کی تلوار رات دن
امید وصل مین تری عیار رات دن
میری ہی ہر گلی مین ہی تکرار رات دن
گویا ہم ہین یار یہ دو مار رات دن
تسکین دل کی کرتا ہی شگسار رات دن
زلفون کا ہو گیا ہون گرفتار رات دن
آہ و فغان مین ہی ترا بیمار رات دن

گو عام و خاص طالب جور و قصور ہین
ضامن حضور کا ہی طلبگار رات دن

فراقِ یار مین ضامن عجب حالت ہے اس دل کی
برنگِ لالہ پُرخون کہان جاؤن کدھر ڈھونڈھون

دل و جان دین و ایمان ہون کہان جاؤن کدھر ڈھونڈھون

کرون منت پڑون پیرون یار ... کبھی گر

مین کس کی راہ دل کھوون کہان جاؤن کدھر ڈھونڈھون

ہمیشہ بحرِ وحدت مین رہا غواص معنے کا
نہ ہاتھ آیا دُرِ مکنون کہان جاؤن کدھر ڈھونڈھون

مئے وحدت کا پیاسا ہون کہان ہے ساقیِ مشفق
پلاوے بادۂ گلگون کہان جاؤن کدھر ڈھونڈھون

عجب رنگت ہے رنگا رنگ عجب جلوہ ہے گوناگون
کہان ہر تو خدا بیچون کہان جاؤن کدھر ڈھونڈھون

وصالِ یار کی خاطر کیا کیا کیا نہ کچھ ہم نے
ہزارون پڑھ لیے افسون کہان جاؤن کدھر ڈھونڈھون

وہ سروِ گلشنِ خوبی پسِ پردہ کہان ہوگا
کدھر دیکھون قدِ موزون کہان جاؤن کدھر ڈھونڈھون

مرا خط نامہ بر لیجا وہی کہنا جو کچھ دیکھا
یہی خط مین لکھا مضمون کہان جاؤن کدھر ڈھونڈھون

اگر عاشق ہے تو صادق اُسی دُھن مین لگا رہنا
ہوا جس گل پہ تو مفتون کہان جاؤن کدھر ڈھونڈھون

نہین کوئی رفیق اپنا نہ کوئی چارہ گر اس جا

طوطیِ نغمہ سرا شیرین دہن گلشن مین
بلبلِ باغِ ارم ... وطن گلشن مین
رشکِ یاقوت ہین حسرت دہ گوہر دندان
آبِ حیوان ہے سخن تیرا دہن گلشن مین

دیوانِ ضامن

[illegible]

ہمنے بحرِ عشق مین ہرچند مارے ہاتھ پاؤن

کب ہوئے موج سلاسل سے کنارے ہاتھ پاؤن

قید مین مجنون نے تیرے خوب مارے ہاتھ پاؤن

چھٹ نہین سکتے سلاسل سے بچارے ہاتھ پاؤن

کھینچ کب سکتا ہے مانی تیرے دست و پا کی شکل

صانعِ قدرت نے تیرے یہ سنوارے ہاتھ پاؤن

ذبح کرکے مجکو قاتل نے کہا خوش ہوکے یون

اب تو ٹھنڈے ہوگئے بسمل کے سارے ہاتھ پاؤن

میرے دست و پا کی بندش دیکھ مجنون رو دیا

قید مین کب تھے بندھے ایسے ہمارے ہاتھ پاؤن

تیز دستی کرچکا قاتل کہا مین تھک گیا

یہ تڑپتا ہے پڑا اسکے نہ ہارے ہاتھ پاؤن

پنجۂ خورشید سے رفتار جون کبک دری

تیرے دست و پا پہ ہراک کیون نہ مارے ہاتھ پاؤن

ہے دلیلِ خونِ عاشق صندلِ رنگِ حنا

تمام عمر چلا طے ہوئی نہ راہ فراق
اگر ہی شوق شہادت تو سر بکف جانا
جو ملک عشق میں پہونچا تو آہ و نالہ سنا

مقام یار کا ابتک بعید ہی ضامن
صنم کی کوچہ میں قطع و بُرید ہی ضامن
ہر ایک جا ہی گفت و شنید ہی ضامن

خدا کے واسطے مجکو نہ بھولنا صابر
غلام آپ کا بے زر خرید ہے ضامن

تری عاشق کو صبر ایجان اگر ہووے تو میں جانون
تری مجنون اگی ہیں جنگل میں چھانی خاک
تو اپنی کھولدے کاکل رُخ تابان او پیاری
جلادی آتش الفت لگا دی آگ تو ایسی
تری تیغ تغافل سی یہ و بسمل ہی او قاتل
کلیجا کھا لیا غم نی تری عاشق کا ایجانی

نشان بی ق یان ترا گذر ہووے تو میں جانون
بسا بستی ہی عاشق کا جو گھر ہووے تو میں جانون
گھٹا کالی سی ہہ تا بان بدر ہووے تو میں جانون
برنگ شمع سرتا پا شرر ہووے تو میں جانون
ادھر ہووے تو میں جانون ادھر ہووے تو میں جانون
ذرا تو دیکھ لی آکر جگر ہووے تو میں جانون

ترے احوال خستہ پر اگرچہ روتے ہیں دشمن
